A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Serial No.of Answar book ..............................

MRD-E/XI (A)

Roll No. ..............................

# اُردو (لازمی). پارٹ-I

Fic. No. ...................

Fic. No. ..................

اُردو (لازمی). پارٹ-I

## حصہ الف (معروضی)

وقت: 20 منٹ　　　　کل نمبر: 20

**نوٹ ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) اگر تم فاتح ہو تو _____ کے سپہ سالار پر نگاہ ڈالو۔ (الف) مکہ (ب) اُحد (ج) خندق (د) بدر وحنین

(ii) ”افسوس میں نے اپنے تئیں ہمیشہ یہ کہہ کر برباد کیا کہ ابھی وقت ہے“ یہ کس کا قول ہے؟
(الف) بڈھے کا (ب) اشفاق حسین کا (ج) حیدراں کا (د) پطرس بخاری کا

(iii) ”انارکلی“ _____ کا شاہکار ڈراما ہے۔ (الف) اشفاق حسین (ب) سید امتیاز علی تاج (ج) سجاد انصاری (د) مرزا ہادی رسوا

(iv) سبق ”اردو کی صلاحتیں“ کے مصنف ____ ہیں۔ (الف) سید سلیمان ندوی (ب) سرسید احمد خان (ج) حمید عسکری (د) ڈاکٹر سید عبداللہ

(v) ”پہلی ملاقات“ کا کردار کس مضمون کا طالب علم رہا ہے؟ (الف) ریاضی (ب) کیمیا (ج) جغرافیہ (د) تاریخ

(vi) کس شاعر کا شمار دہلی کے قدیم شعراء میں ہوتا ہے؟ (الف) اقبال (ب) داغؔ (ج) میر تقی میر (د) حالیؔ

(vii) جابر کے زمانے میں کیمیا کی ساری کائنات _____ تک محدود تھی۔ (الف) تجربہ (ب) مشاہدہ (ج) مہوس (د) مادہ

(viii) ”ہم زلف کا بکرا“ کس کی تحریر ہے؟ (الف) پطرس بخاری (ب) شوکت تھانوی (ج) اشفاق حسین (د) پریم چند

(ix) عزیز محمد بگٹی کا کون سا مضمون شامل نصاب ہے؟ (الف) فریاد خاموش (ب) گھر سے گھر تک (ج) پہلی ملاقات (د) فریاد خاموش

(x) ”مہاجن چوہدری قاسم علی خان“ کا ذکر کس سبق میں آیا ہے؟ (الف) ایک کہانی بڑی پرانی (ب) عیدگاہ (ج) ہم زلف کا بکرا (د) بحران

(xi) دن کو جذبات کے _______ سے شروع کرنا ٹھیک فلسفہ نہیں۔ (الف) طوفان (ب) فلسفہ (ج) محشرستان (د) شاعری

(xii) بزمِ ہستی اور حرفِ کن کس قسم کے مرکبات ہیں؟ (الف) اضافی (ب) عطفی (ج) اشاری (د) عددی

(xiii) نظم ”مکافاتِ عمل“ کے شاعر کا نام _______ ہے۔ (الف) میر انیس (ب) امیر مینائی (ج) نظیر اکبر آبادی (د) حفیظ جالندھری

(xiv) ”نیل کی موجیں اگر کرتی ہیں تیری جستجو“ کس شاعر کے نظم کا مصرعہ ہے؟ (الف) مظفر علی خان (ب) ماہر القادری (ج) حفیظ جالندھری (د) اقبال

(xv) جس تمدن سے ہوئی ہے _______ چشم روزگار۔ (الف) تیرہ (ب) روشن (ج) خیرہ (د) منتظر

(xvi) نظم ”مسلمان کی شان“ کے شاعر کا نام بتایئے۔ (الف) حفیظ جالندھری (ب) مرزا غالب (ج) امیر مینائی (د) مولانا ظفر علی خان

(xvii) درسی کتاب میں شامل مرزا غالب کے دو مکاتیب کس کس کے نام ہیں؟ (الف) مرزا تفتہ (ب) مہدی مجروح (ج) میرن صاحب (د) یوسف مرزا

Result.pk

# اُردو (لازمی). پارٹ-I

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ | نمبر: 80

## سیکشن ''ب'' (50)

**سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔**

i۔ اسوہ کامل کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کی پانچ ایسی صفات کا ذکر کریں جو دوسروں کے لیے قابل تقلید ہوں۔

ii۔ دھاتوں کے متعلق جابر بن حیان کا نظریہ کیا تھا؟

iii۔ عشرت خانم اور نورالنساء کے کردار میں کون سی صفات مشترک ہیں؟

iv۔ ''پہلی ملاقات'' میں تین سطری اشتہار کا متن لکھیں۔

v۔ نظم ''شاہین'' یا ''پرانا کوٹ'' کا مختصر خلاصہ بیان کیجیے۔

vi۔ ''فریاد خاموش'' یا ''ہم زلف کا بکرا'' کا مختصر خلاصہ لکھیں۔

vii۔ مکافاتِ عمل کی وضاحت کیجیے۔

viii۔ جملوں میں استعمال کیجیے: دل فریب، ادھر کی دنیا اُدھر ہونا، اللہ ہی بیڑا پار کرے، سیر چشمی، دھما چوکڑی

ix۔ مترادف لکھیں: محبت، پیروی، دوست، امام، ہدایت۔

x۔ قافیہ اور ردیف کی تعریف کریں اور مثالیں دیجیے۔

xi۔ استعارہ کی تعریف کریں اور ارکان بتا کر مثالیں دیں۔

xii۔ اقبال شاہین کو کیوں پسند کرتے ہیں؟

xiii۔ نظم ''مجاہدین اسلام'' کی روشنی میں مجاہدین اسلام کی پانچ خوبیاں لکھیے۔

## سیکشن ''ج'' (30)

**سوال نمبر3۔ سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ (10)**

(الف) یہاں کوئی وتیرہ اور عہدہ نہیں دیکھا۔اسلام کی نگاہ میں سب انسان برابر ہیں، دہقانوں نے بھی وضو کیا اور جماعت میں شامل ہو گئے۔کتنی باقاعدہ منظّم جماعت ہے! لاکھوں آدمی ایک ساتھ جھکتے ہیں، ایک ساتھ دوزانوں بیٹھ جاتے ہیں اور یہ عمل بار بار ہوتا ہے۔ ایسا معلوم ہو رہا ہے گویا بجلی کی لاکھوں بتیاں ایک ساتھ روشن ہو جائیں گی اور ایک ساتھ بجھ جائیں گی۔کتنا پُر احترام اور رعب انگیز نظارہ ہے۔

(ب) برسات کا حال نہ پوچھو خدا کا قہر ہے۔قاسم کی گلی سعادت خان کی نہر ہے۔میں جس مکان میں رہتا ہوں، عالم بیگ خان کے کٹرے کی طرف دروازہ گر گیا، مسجد کی طرف کے دالان کو جاتے ہوئے جو دروازہ تھا گر گیا، سیڑھیاں گرا چاہتی ہیں۔صبح کے بیٹھنے کا حجرہ جھک رہا ہے۔چھتیں چھلنی ہو گئی ہیں۔مینہ گھڑی بھر برسے تو چھت گھنٹہ بھر برسے۔

**سوال نمبر4۔ شاعر اور نظم کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ (10)**

(الف)
رگوں میں وہ لہو باقی نہیں ہے | وہ دل، وہ آرزو باقی نہیں ہے!
نماز و روزہ و قربانی و حج | یہ سب باقی ہیں تو باقی نہیں ہے!

(ب)
جذبۂ شوق کی تاثیر دکھانا ہے مجھے | آپ رو رو کے خود ان کو بھی رُلانا ہے مجھے
قابل دید ہے مجبوریٔ دل کا عالم | ابھی لائے تھے جہاں سے وہی جانا ہے مجھے۔

**سوال نمبر5۔ آپ نے کینٹ میں واقع پانچ مرلہ پلاٹ مبلغ 20 لاکھ روپیہ میں فروخت کیا ہے اور رقم وصول کی ہے۔خریدار کے نام رقم کی وصولی کی رسید لکھیں۔ (05)**

Result.pk

Result.pk